اسمائے مدینہ منورہ

مدینۂ پاک دُنیا کا واحِد شہر ہے جس کے 100 سے زیادہ نام ہیں، اس کے عِلاوہ دُنیا میں کوئی ایسا شہر نہیں جس کے اتنے زیادہ نام ہوں، شیخ عبد الحق مُحَدِّث دِہلوی رحمۃُ اللہِ علیہ فرماتے ہیں: مدینۂ پاک کے اتنے زیادہ نام ہونے سے ہی پتا چل جاتا ہے کہ یہ مبارک شہر کیسی عظمتوں والا ہے۔ (جذب القلوب، ص9)

نبیوں میں جیسے افضل و اعلیٰ ہیں مصطفےٰ

شہروں میں بادشاہ ہے مدینہ حضور کا

مدینۂ پاک کے 100 سے زیادہ نام ہیں۔ یہاں قرآن و حدیث سے چند مشہور نام ملاحظہ ہو:

قرآنِ کریم میں ذِکر کئے گئے اَسْمائے مدینہ

(1) مدینہ، (2) مُدْخَلُ صِدْق، (3) اَرْضُ اللہ، (4) دارُ الھجرت، (5) دارُ الْاِیْمان، (6)

حَسَنہ

اَحادیث میں بیان کئے گئے اَسْمائے مدینہ

(7) طَابَہ، (8) طَیْبَہ، (9) طَیِّبَہ

مسلم شریف کی حدیثِ پاک میں ہے، سرکارِ عالی وقار مدینے کے تاجدار صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے فرمایا: اِنَّ اللہَ سَمَّى الْمَدِیْنَةَ طَابَةَ بے شک اللہ پاک نے مدینے کا نام طابہ رکھا ہے۔

(مسلم، ص513، حدیث:1385)

(10) مدینہ پاک "شافِیَہ" ہے: اَلشَّافِیَہ یعنی شِفَا دینے والا شہر۔ مدینۂ پاک کا یہ نام اس لئے ہے کہ اللہ پاک کے حبیب، طبیبوں کے طبیب صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے حدیثِ پاک میں فرمایا: غُبَارُ الْمَدِیْنَةِ شِفَاءٌ مدینۂ پاک کا غُبار باعِثِ شِفا ہے۔ (جامع صغیر، ص355، حدیث:5753)